PUNJAB EDUCATION, CURRICULUM, TRAINING
AND ASSESSMENT AUTHORITY (PECTAA)
Link Wahdat Road, Lahore
Phone: 042-99260075
No. PECTAA/Estate(Auction)01-2026

نیلامِ عام استعمال شدہ پیپرز

شرائط برائے نیلامِ عام، استعمال شدہ پیپرز

پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسیسمنٹ اتھارٹی (PECTAA)، ہیڈ آفس، لاہور ناکارہ استعمال شدہ پیپرز کی نیلامی کرنا چاہتا ہے۔ جس کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

نمبر شمار	وزن (تقریباً)	سامان اٹھانے کی جگہ
1	123,000 kg	پاکستان پوسٹ فاؤنڈیشن، اسلام آباد
2	35,500 kg	پیکٹا (ہیڈ کوارٹر)، لاہور
3	21,605 kg	ایم ایس آرٹ اینڈ گراف، نین سکھ روڈ نزد پھول منڈی، لاہور

اس ضمن میں دلچسپی رکھنے والی رجسٹرڈ فرمز کو درج ذیل شرائط کے ساتھ ناکارہ استعمال شدہ پیپرز کی نیلامی میں شرکت کی دعوتِ عام ہے:

1. ناکارہ استعمال شدہ پیپرز کی نیلامی فی کلو گرام جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر مورخہ 30.11.2026 بوقت 12:00 بجے ہو گی۔
2. نیلامی میں حصہ لینے کے لیے شریک بولی دہندگان کو مبلغ -/100,000 روپے کا پے آرڈر قابل واپسی بنام پیکٹا، پنجاب، لاہور بولی کے انعقاد سے 2 گھنٹے قبل دفتر ہذا میں لازمی جمع کرانا ہو گا، ورنہ نیلامی میں حصہ نہیں لے سکے گا۔
3. نیلامی میں حصہ لینے والی فرمز کو مذکورہ بالا تینوں زمروں (Categories) میں ایک ساتھ بولی لگانا اور جیتنا لازم ہے۔
4. کامیاب بولی دہندگان کو سی۔ای۔او، پیکٹا، پنجاب، لاہور کی حتمی منظوری کے بعد ورک آرڈر جاری کیا جائے گا۔
5. کامیاب بولی دہندہ ورک آرڈر کے اجراء کے 7 یوم کے اندر کل رقم کی ادائیگی کے بعد مال اٹھانے کا پابند ہو گا۔
6. کامیاب بولی دہندہ کی سیکیورٹی کی رقم کل قیمت میں شامل کر دی جائے گی۔
7. ناکارہ استعمال شدہ پیپرز کا وزن بذریعہ ویبرج (Weighbridge) ہو گا۔ وزن کروانے اور سامان اٹھانے کے تمام اخراجات کامیاب بولی دہندہ خود برداشت کرے گا۔
8. کامیاب بولی دہندہ ناکارہ استعمال شدہ پیپرز کیمیکلی تلف کرے گا اور اس کا سرٹیفکیٹ مہیا کرے گا۔
9. بولی کی بقیہ شرائط موقع پر پڑھ کر سنائی جائیں گی۔ ریزور قیمت (65 روپے فی کلو) سے کم ریٹ کی صورت میں بولی منسوخ کر دی جائے گی۔
10. تمام ناکارہ پیپررز کی خریداری گورنمنٹ کے نافذ العمل ٹیکسز کے مطابق ہو گی۔
11. ناکارہ استعمال پیپرز کو دفتری اوقات کار میں اوپر بیان کردہ جگہ پر آ کر دیکھ سکتے ہیں۔
12. سی۔ای۔او، پیکٹا، پنجاب، لاہور کو بغیر کسی وجہ بتائے ایک بولی یا تمام بولیوں کو منسوخ/مسترد کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہو گا۔

ڈائریکٹر (ایڈمن اینڈ ایچ آر)، پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسیسمنٹ اتھارٹی (ہیڈ آفس) لنک وحدت روڈ، لاہور 042-99260075